UNIVERSITY OF THE PUNJAB

M.A./M.Sc. Part – II Supply 2020 & Annual – 2021

Roll No. ....

Subject: Islamic Studies
Paper: I-N 15: Al-Fiqah Uloom ul Fiqa (New Course) **Time: 3 Hrs. Marks: 100**

سوال:ا(معروضی) درج ذیل اجزاء میں سے دس اجزاء کے اس طرح جواب دیں کہ جزو الف اور جزو ب سے تین اور جزو ج سے چار سوالات کے جوابات دیں۔ (20)

جزء(الف) تاریخ و تدوین فقہ

ا۔ اجتہاد کی اصطلاحی تعریف کریں۔
۲۔ مفتی محمد شفیع رحمہ اللہ کی فقہ پر خاص کتاب کا نام بتائیں۔
۳۔ امام شافعی کا نام اور تاریخ وفات ذکر کریں۔
۴۔ تعامل اہل مدینہ سے کیا مراد ہے، یہ کس امام کا مستدل ہے؟
۵۔ عہد تابعین کے دو علمی مراکز کا نام بتائیں۔
۶۔ امام ابو حنیفہ کے دو ممتاز اساتذہ کے اسماء گرامی کیا ہیں؟

جزء(ب) اصول فقہ

ا۔ الوجیز فی اصول الفقہ کے مصنف کا نام بتائیں۔
۲۔ اشارۃ النص کی مثال سے وضاحت کریں۔
۳۔ حقیقت متعذرہ ایک مثال سے واضح کریں۔
۴۔ نہی عن افعال حسیہ کسے کہتے ہیں؟
۵۔ عام کی تعریف کریں۔
۶۔ خفی کی مثال سے وضاحت کریں۔

جزء(ج) متن فقہ

ا۔ علامہ ابن رشد کی فقہ پر کتاب کا نام بتائیں؟
۲۔ طلاق سنی کی شرائط کیا ہیں؟
۳۔ جلالہ بکری کو کتنا عرصہ محبوس رکھنے کے بعد ذبح کیا جاسکتا ہے۔
۴۔ "خلع" کے طلاق یا فسخ نکاح کے حکم میں ہونے میں کیا اختلاف ہے؟
۵۔ حالت حیض میں طلاق کے وقوع کے بارے کیا حکم ہے؟
۶۔ جن جانوروں کے حلال و حرام ہونے کے بارے کوئی نص نہیں، ان کا فیصلہ کیسے کیا جائے گا؟
۷۔ تخلیل خمر سے کیا مراد ہے، اس کا کیا حکم ہے؟
۸۔ خشکی کے تین حلال جانوروں کے نام لکھیں۔

حصہ اول انشائیہ (تاریخ الفقہ)

سوال نمبر۲۔ عہد صحابہ میں فقہ اسلامی کے امتیازات، ماخذ اور ممتاز فقہاء کرام کے اسماء گرام ذکر کریں۔ (۱۰)

یا

عہد تدوین میں فقہ شافعی و حنبلی کے امتیازات، ماخذ اور ممتاز فقہاء کرام کا تعارف ذکر کریں۔

سوال نمبر۳۔ ذیل میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیں۔ (۱۰)

الف: دور جدید کے فقہاء میں سے مفتی سیاح الدین کاکاخیل کی خدمات

ب: اسلامی فقہ اکیڈمی انڈیا

(ورق الٹئے)

P.T.O

حصہ دوم الثانیہ (اصول الفقہ)

سوال نمبر۴۔ عبد الوہاب خلاف کی اصول فقہ اور عبد الکریم زیدان کی الوجیز کی روشنی میں قرآن یا قیاس کی تعریف کریں، اور اس کی اہمیت اور حجیت پر مدلل بحث کریں۔ (۱۰)

سوال نمبر۵۔ ذیل میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیں: (۱۰)

(الف) متقابلات النصوص (ظاہر المعنی) تعریف اور مثالیں (ب) مطلق، مقید (اقسام، تعریف اور مثالیں)

حصہ سوم الثانیہ (متن الفقہ)

سوال نمبر۶۔ ذیل کی عبارات میں سے کسی ایک جزء کا با محاورہ ترجمہ کریں، نیز اس مسئلہ میں اختلاف فقہاء دلائل سے واضح کریں۔ (۱۵)

(الف) **الجلالة كما عرفها الحنفية: هي التي تعتاد أكل الجيف والنجاسات فقط، ولا تخلط معها طعاماً غيره ويكون لها ريح منتنة. وهي عند غير الحنفية: هي التى أكثر طعامها النجاسة، وقد اختلف الفقهاء في حكم أكل لحمها. فأباح المالكية كما تقدم أكل لحم الجلالة. وكرهها مالك، وأحمد في رواية عنه والحنفية والشافعية ، وحرمها الحنابلة .وسبب اختلافهم معارضة القياس للأثر.**

یا

(ب) **وقال المالكية على المعتمد : يجوز للمضطر التناول من الحرام حتى يشبع، وله التزود (ادخار الزاد) من الميتة ونحوها، إذا خشي الضرورة في سفره، فإذا استغنى عنها طرحها، لأنه لا ضرر في استصحابها، ولا في إعدادها لدفع ضرورته وقضاء حاجته، ولكن لا يأكل منها إلا عند ضرورته. ودليلهم أن الضرورة ترفع التحريم، فتعود الميتة جميعها ونحوها مباحة۔**

سوال نمبر۷۔ ذیل کی عبارات میں سے کسی ایک جزء کا مکمل جواب تحریر کریں۔ (۱۵)

الف۔ عبارت کا با محاورہ ترجمہ کریں، نیز حق کی تعریفات سے جامع مانع تعریف کی نشاندہی کریں اور اس کی جامعیت کی وجہ واضح کریں۔

وأما عند الفقهاء فقد ورد تعريف للحق عند بعض المتأخرين فقال: الحق: هو الحكم الثابت شرعاً . ولكنه تعريف غير جامع ولا شامل لكل ما يطلق عليه لفظ الحق عند الفقهاء.

یا

ب۔ عبارت کا با محاورہ ترجمہ کریں، نیز مذکور مسئلہ میں ائمہ کی آراء کی دلائل سے وضاحت کریں۔

جمهور فقهاء الأمصار على أن الطلاق بلفظ الثلاث حكمه حكم الطلقة الثالثة. وقال أهل الظاهر وجماعة: حكمه حكم الواحدة، ولا تأثير للفظ في ذلك. وحجة هؤلاء: ظاهر قوله تعالى: الطلاق مرتان إلى قوله في الثالثة: فإن طلقها فلا تحل له من بعد حتى تنكح زوجا غيره والمطلق بلفظ الثلاث مطلق واحدة لا مطلق ثلاث.

سوال نمبر۸۔ ذیل میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیں۔ (۱۰)

(الف) طلاق سنی: تعریف، شرائط، احکام (ب) تشریح الاعضاء والجثث: تعریف، شرائط، احکام

UNIVERSITY OF THE PUNJAB

M.A./M.Sc. Part – II Supply 2020 & Annual – 2021

Roll No. ....

Subject: Islamic Studies **Paper: II-N-15 (Dawah Tul Irshad) New Course** **Time: 3 Hrs.** **Marks: 75**

نوٹ: کل چار سوالات حل کریں پہلا سوال لازمی ہے۔ پہلے سوال کے پندرہ اور باقی سوالات کے بیس، بیس نمبر ہیں۔

سوال نمبر 1: کوئی سے دس سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (15)

(الف) حضرت ابراہیم علیہ السلام کا فر بادشاہ کے دعویٰ ربوبیت کے خلاف اس کو کیا دلیل دی کہ وہ مبہوت ہوگیا؟

(ب) تبلیغی جماعت کے بانی کا نام لکھیں؟

(ج) حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کس کی دعوت پر مسلمان ہوئے؟

(د) طائف میں دعوت اسلام کے لیے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کون سے صحابی گئے؟

(ہ) حبشہ کی طرف نبی ﷺ کے کون سے داماد اور بیٹی نے ہجرت کی؟

(و) صلح حدیبیہ کا معاہدہ کس صحابی رضی اللہ عنہ نے لکھا؟

(ز) وفد نجران کے لوگ کس مذہب سے تعلق رکھتے تھے؟

(ح) عام الحزن سے کیا مراد ہے؟

(ط) حسن البناؒ نے کس معروف دعوتی و دینی تحریک کی بنیاد رکھی؟

(ی) حدیث " قولوللناس حسنا" کا اردو ترجمہ لکھیں۔

(ک) رسول اللہ ﷺ پر ایمان لانے والے غلاموں میں سب سے پہلے کون تھے؟

(ل) ابن تیمیہؒ کے کوئی سے دو تجدیدی کارنامے تحریر کریں؟

سوال نمبر2: مکتوبات نبوی ﷺ کی دعوتی ودینی اہمیت بیان کریں۔(20)

سوال نمبر3: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اسلوب دعوت، اور مراحل دعوت پر نوٹ لکھیں۔(20)

سوال نمبر4: حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کی دینی ودعوتی خدمات پر روشنی ڈالیں۔(20)

سوال نمبر5: خلافت عمر بن عبد العزیز میں سیاسی ودین اصلاحات کے لئے گئے اقدامات پر مفصل نوٹ لکھیں۔(20)

سوال نمبر6: مخاطب کی نفسیات کے لحاظ سے دعوتی اصول کیا ہیں؟ قرآن اور اسوہ رسول ﷺ کی روشنی میں نوٹ لکھیں ۔(20)

سوال نمبر7: درج ذیل میں سے دو پر نوٹ لکھیں۔ (10+10+=20)

(الف)دعوت کے قرآنی مترادفات، (ب)انٹرنیٹ پر دعوت دین،

(ج)عام الوفوداور دعوت دین

UNIVERSITY OF THE PUNJAB

M.A./M.Sc. Part – II Supply 2020 & Annual – 2021

Roll No. ....

Subject: Islamic Studies (New Course)

Paper: III-N-15 (Islam & Modern Economic Thought & Movements)

Time: 3 Hrs. Marks: 100

نوٹ: سوال نمبر 1 لازمی ہے۔ بقیہ سوالات میں سے کوئی سے چار سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔

سوال نمبر ۱: کوئی سے دس سوالات کے مختصر جوابات دیجیے۔ 20

۱۔ اقتصادیات سے کیا مراد ہے؟

۲۔ لگان کی تعریف لکھیں۔

۳۔ کلاسیکی مکتب فکر کیا ہے؟

۴۔ معاشیات کا نفس مضمون کیا ہے؟

۵۔ نظریہ قیمت سے کیا مراد ہے؟

۶۔ مصارف زکوۃ میں سے دو کے نام لکھیں۔

۷۔ کفالت عامہ سے کیا مراد ہے۔

۸۔ کسب حلال پر ایک حدیث کا متن لکھیں۔

۹۔ اسلامی تجارت کے دو بنیادی اصول لکھیں۔

۱۰۔ درج ذیل کتب کے مؤلفین کے نام لکھیں۔

(الف) علم الاقتصاد (ب) سوشلزم یا اسلام

۱۱۔ اجارہ کی چار شرائط بیان کریں۔

۱۲۔ بیع کے ارکان تحریر کریں۔

۱۳۔ مساقات سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر ۲: معاشیات کی تعریف کیجیے۔ معاشی تصورات میں ارتقا اور علم معاشیات کی نمایاں اقسام پر نوٹ لکھیں۔ 20

سوال نمبر ۳: سرمایہ داریت، اشتراکیت اور اسلام کے معاشی اصولوں کا تقابلی مطالعہ پیش کریں۔ دور حاضر سے مناسبت اور فوائد کے اعتبار سے کون سا نظام موثر ہے۔ 20

سوال نمبر ۴: انفاق فی سبیل اللہ سے کیا مراد ہے؟ قرآن وسنت کی روشنی میں انفاق کی مختلف صورتوں پر مفصل نوٹ لکھیں۔ 20

(ورق الٹیے)

P.T.O

سوال نمبر۵: سود سے کیا مراد ہے اسکی مختلف شکلوں پر بحث کریں نیز قرآن وسنت کی روشنی میں اسکی حرمت پر مفصل نوٹ لکھیں۔ 20

سوال نمبر۶: زکوۃ کیا ہے؟ قرآن وسنت کی روشنی میں زکوۃ کی اہمیت بیان کریں نیز زکوۃ کے معاشی، معاشرتی اور سیاسی فوائد تفصیل سے لکھیں۔ 20

سوال نمبر۷: شراکت سے کیا مراد ہے؟ اسلامی تجارت میں اسکی اہمیت بیان کریں نیز شراکت کی مختلف اقسام پر مفصل نوٹ لکھیں۔ 20

سوال نمبر۸۔ درج ذیل میں سے کسی دو عناوین پر نوٹ لکھیں: (10+10)

(الف) بیت المال کے ذرائع آمدن بیان کریں۔

(ب) اسلامی نظام وراثت کے اہم اصول کیا ہیں۔

(ج) محنت کی عظمت۔

سوال نمبر۹۔ درج ذیل میں سے کسی دو عناوین پر نوٹ لکھیں: (10+10)

(الف) آجر اور اجیر کے حقوق و فرائض پر اسلامی تعلیمات کی روشنی میں نوٹ لکھیں۔

(ب) الفریڈ مارشل کے معاشی افکار۔

(ج) قسطوں کا کاروبار اور اس کی شرعی حیثیت۔

UNIVERSITY OF THE PUNJAB

M.A./M.Sc. Part – II Supply 2020 & Annual – 2021

Roll No. ....

Subject: Islamic Studies | Paper: IV-1N-15 (Islam & Science) (New Course) | Time: 3 Hrs. | Marks: 100

نوٹ: کل پانچ سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

سوالنمبر1۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف دس اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔

i. اجرام فلکی کے محو گردش ہونے پر قرآنی آیت مع ترجمہ تحریر کیجیے۔

ii. ابن الہیثم کون تھے؟

iii. سوشل سائنسز سے کیا مراد ہے؟

iv. اسپین کے دو نامور مسلم سائنسدانوں کے نام لکھیں۔

v. اسلحہ کی تیاری پر قرآنی آیت مع ترجمہ لکھیں۔

vi. ابوریحان البیرونی نے زمین کا قطر کیا معلوم کیا تھا؟

vii. علم فلکیات میں اصطرلاب اور رسدگاہ سے کیا مراد ہے؟

viii. القانون فی الطب کے اہم ترین حصوں کے نام لکھیں۔

ix. ہسپانیہ میں اسلامی فن تعمیر کی شاہکار دو عمارات کے نام لکھیے۔

x. قرآن کریم کے کوئی سے دو بڑے سائنسی انکشافات بیان کیجیے۔

xi. حرمت خون کی کوئی سی دو حکمتیں بیان کیجیے۔

xii. درج ذیل کتب کے مصنفین کے نام لکھیے۔ (الف) اقبال کا تصور زمان و مکاں (ب) Arabian Medicine

(ورق الٹیے)

P.T.O

سوال نمبر2: اسلام کے فلسفہ حلال و حرام کی حقانیت سائنسی تناظر میں بیان کیجیے۔

سوال نمبر3: قوانین فطرت کے تناظر میں وجود باری تعالیٰ کے اثبات پر دلیل دیجئے۔

سوال نمبر4: علم کیمیا میں مسلمانوں کی گراں قدر خدمات کا جائزہ بیان کیجیے۔

سوال نمبر5: عہد بنو عباس میں ہونے والی سائنسی ترقی کو واضح کیجئے۔

سوال نمبر6: قرآن کریم میں مذکور دھاتوں کے فوائد اور حکمتوں پر جامع تذکرہ کیجیے۔

سوال نمبر7: فن تعمیر میں مسلمانوں کی خدمات پر سیر حاصل بحث کریں۔

سوال نمبر8: مندرجہ ذیل میں سے دو پر نوٹ لکھیں۔

(الف) اسلام میں شجر کاری کی اہمیت (ب) اسلام اور حفظان صحت (ج) اسلام اور زراعت

UNIVERSITY OF THE PUNJAB

M.A./M.Sc. Part – II Supply 2020 & Annual – 2021

Roll No. ....

Subject: Islamic Studies (New Course)
Paper: IV-2N-15 (Islam & Philosophy)

Time: 3 Hrs. Marks: 100

نوٹ: کل پانچ سوالات حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

سوال نمبر ۱: (الف) درج ذیل اصطلاحات میں سے صرف پانچ کی وضاحت کریں۔ (۱۰)

لوگوس، واجب الوجود، صدور، استخراجی طریقہ، ارتیابیت، وجود ذہنی، وجود خارجی

(ب) درج ذیل میں سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیں۔ (۱۰)

(۱) انیکسیمنز نے کس چیز کو کائنات کی اصل قرار دیا؟

(۲) کس یونانی فلسفی کے بارے کہا جاتا ہے کہ وہ غیر نامیاتی کیمیا کا بانی ہے؟

(۳) " انسان ہر چیز کا پیمانہ ہے" یہ نظریہ کس گروہ کا تھا؟

(۴) معلم ثانی کس مسلم فلسفی کو کہا جاتا ہے؟

(۵) جہمیہ کا بانی کون تھا؟

(۶) کتاب " تشکیل جدید الٰہیات اسلامیہ " کے مصنف کا نام بتائیں؟

(۷) عقول عشرہ کا تصور کس مسلم فلسفی نے دیا؟

(ورق الٹیے)

P.T.O

سوال نمبر ۲۔ نظریہ تعقلات کیا ہے؟ سقراط کے فلسفیانہ طریقہ کار اور افکار کی روشنی میں تفصیلی نوٹ قلم بند کریں۔

سوال نمبر ۳۔ ارسطو کی شخصیت اور اس کے فلسفیانہ افکار پر مبسوط نوٹ تحریر کیجیے۔

سوال نمبر ۴۔ نوفلاطونیت کیا ہے؟ فلسفیانہ افکار کو تفصیلاً بیان کریں۔

سوال نمبر ۵۔ مسلمان مفکر ابن سینا کے فلسفیانہ افکار پر نوٹ تحریر کریں؟

سوال نمبر ۶۔ افلاطون کے نظریہ امثال کی وضاحت کریں؟

سوال نمبر ۷۔ امام غزالی کا فلسفیانہ منہج کیا ہے؟ انہوں فلاسفہ کی تردید کن بنیادوں پر کی۔ وضاحت کریں۔

سوال نمبر ۸۔ درج ذیل میں سے کوئی سے دو پر نوٹ لکھیں۔

(الف) اقبال کا تصور خودی (ب) زینو کے حرکت کے خلاف دلائل (ج) معجزات کے عقلی دلائل

UNIVERSITY OF THE PUNJAB

M.A./M.Sc. Part – II Supply 2020 & Annual – 2021

Roll No. ....

Subject: Islamic Studies

Paper: IV-3N-15: The World of Islam Resources & Problems (New Course) **Time: 3 Hrs.** **Marks: 100**

نوٹ: کل پانچ سوالات کے جوابات دیں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

ا۔ کوئی سے دس اجزاء کے جواب دیں۔

i) تاجکستان کس براعظم میں واقع ہے؟ اس کے دارالخلافہ کا نام بتائیں۔

ii) تیونس اور لیبیا کی کرنسیوں کا نام بتائیے۔

iii) C-PEC کن الفاظ کا مخفف ہے؟

iv) مندرجہ ذیل کتب کے مصنفین کا نام بتائیے۔

الف) مسلمانوں کا روشن مستقبل

ب) The Arab States & The Arab League

v) مصر کی دو بندرگاہوں کے نام لکھیں۔

vi) خلیج فارس کے کنارے واقع دو ممالک اور ان کے دارالخلافہ کا نام بتائیں۔

vii) خلافتِ عثمانیہ کا خاتمہ کب ہوا؟

viii) رابطہ عالم اسلامی کا قیام کب اور کہاں عمل میں آیا؟

ix) براعظم امریکہ میں واقع واحد اسلامی ملک کا نام کیا ہے؟

x) سلامتی کونسل نے کشمیر پر استصواب رائے کی قرارداد کب منظور کی؟

xi) عراق اور مصر کے تین مشہور دریاؤں کے نام لکھیے۔

xii) عالم اسلام کی دو زرخیز وادیوں کے نام لکھیں۔

xiii) مسالہ جات کے لیے کونسے مسلم ممالک مشہور ہیں۔ کوئی سے دو نام بتائیں؟

xiv) متحدہ عرب امارات میں شامل کوئی چار امارات کے نام لکھیں۔

xv) پاکستان کے تین مشہور دریاؤں کا نام لکھیں

(ورق الٹیے)

P.T.O

۲۔ عالمِ اسلام کی دفاعی پیداوار کی عمومی صورتحال اور اس شعبہ میں پاکستان اور ترکی کے کارنامے تفصیلاً بیان کریں۔

۳۔ اسلامی دُنیا کا تعارف بیان کرتے ہوئے اس کی معاشی اہمیت پر روشنی ڈالیں۔

۴۔ گلوبلائزیشن سے کیا مراد ہے؟ اس کے اصل مقاصد اور امتِ مسلمہ پر اس کے اثرات تفصیلاً بیان کریں۔

۵۔ افغانستان میں طالبان کی حالیہ فتح کے خطہ پر سیاسی اور معاشی اثرات پر روشنی ڈالیں۔

۶۔ OIC عالمِ اسلام کی واحد سیاسی تنظیم ہے۔ اس کے عملی کردار کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

۷۔ "عالمِ اسلام کے مسائل کا حل اتحادِ امت سے وابستہ ہے" بحث کیجئے۔

۸۔ نیو ورلڈ آرڈر کا جائزہ لیتے ہوئے عصری تقاضوں کے پس منظر میں مسلم امہ کی ذمہ داریوں پر جامع نوٹ لکھیں۔

۹۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیں۔

الف) فلسطینی تنظیم حماس کا تعارف　　ب) مقبوضہ کشمیر کی مسلمان آبادی کے موجودہ حالات

ج) مؤتمر عالم اسلامی　　د) C-PEC کے عالم اسلام پر معاشی اثرات

UNIVERSITY OF THE PUNJAB

M.A./M.Sc. Part – II Supply 2020 & Annual – 2021

Roll No. ....

Subject: Islamic Studies (New Course)

Paper: V-I-N15 (Islam & Modern Political and Social Thought) **Time: 3 Hrs. Marks: 100**

نوٹ: پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ حصہ اوّل اور دوم میں سے دو، دو سوال منتخب کیجئے۔

سوال 1: درج ذیل میں سے دس اجزاء کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔ 20

i. مفکرین سیاست ابن تیمیہ اور ڈاکٹر حمید اللہ کی ایک ایک کتاب کا نام لکھیے۔

ii. معاشرتی تغیر کسے کہتے ہیں۔

iii. قومیت کے عوامل تحریر کیجیے۔

iv. ریاست اور حکومت کا فرق واضح کیجیے۔

v. استعماریت سے کیا مراد ہے۔

vi. اصحاب صفہ کون تھے۔

vii. عائلی فقہ میں کفو سے کیا مراد ہے۔

viii. علماء کی فضیلت پر قرآن مجید کوئی ایک آیت تحریر کیجیے۔

ix. مشورہ سے متعلق سیرت نبوی ﷺ سے استدلال کیجیے۔

x. خطبہ حجۃ الوداع میں عورتوں کے حقوق سے متعلق آپ ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

xi. سورۃ نور کی روشنی میں قذف کی حد بیان کیجیے۔

xii. قرآن مجید میں مذکور غیر مسلموں کے کوئی سے دو حقوق بیان کیجیے۔

(ورق الٹئے)

P.T.O

حصّہ اوّل

سوال2: حاکمیت الٰہیہ اور شریعت کی بالادستی پر قرآن و سنت اور مسلمان مفکرین کی آراء کی روشنی میں جامع مضمون تحریر کیجیے۔ 20

سوال3: جمہوریت کے اسلام مماثل اور متصادم نکات کی نشاندہی کرتے ہوئے اسلامی جمہوریہ کے تصور پر روشنی ڈالیے۔ 20

سوال4: اشتراکیت سے کیا مراد ہے اس کے بنیادی اصول بیان کرتے ہوئے اسلام کی روشنی میں اس کا محاکمہ کیجیے۔ 20

سوال5: درج ذیل میں سے دو پر جامع نوٹ تحریر کیجیے۔ 10+10

(الف) اعضائے ریاست (ب) اسلام کا تصور عدل (ج) اسلام کا تصور جہاد

حصّہ دوم

سوال6: علم عمرانیات کی تعریف کیجیے نیز عمرانیات کا اسلامی علوم اور معاشیات سے باہمی تعلق واضح کیجیے۔ 20

سوال7: اسلام ہی عورتوں کے حقوق، مقام و مرتبہ عطا کرتا ہے قرآن و سنت کی روشنی میں تفصیلی نوٹ تحریر کیجیے۔ 20

سوال8: جرائم کے اسباب کیا ہوتے ہیں قرآن و سنت اور ماہرین نفسیات کے افکار کی روشنی میں جرائم کے سدّباب کے لیے عملی اقدامات لکھیے۔ 20

سوال9: درج ذیل میں سے دو پر نوٹ تحریر کیجیے۔ 10+10

(الف) تکریم انسانیت (ب) تہذیبی تصادم (ج) اسلامی معاشرے کی امتیازی صفات

UNIVERSITY OF THE PUNJAB

M.A./M.Sc. Part – II Supply 2020 & Annual – 2021

Roll No. ....

Subject: Islamic Studies (New Course)
Paper: V-2-N 15 (Islami Akhlaq o Tassawuf)

Time: 3 Hrs. Marks: 100

نوٹ: سوال نمبر 1 لازمی ہے۔ اس کے علاوہ حصہ اول اور دوم میں سے دو، دو سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ تمام سوالات کے نمبر یکساں ہیں۔

سوال نمبر 1۔ مندرجہ ذیل میں سے دس اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ (20)

i- نظریہ وحدت الوجود کے بانی کون ہیں؟

ii- شیخ محی الدین ابن عربی کی کوئی سی دو کتب کے نام تحریر کریں۔

iii- کس ہندو فلسفی کے ہاں وحدت الوجود کا تصور موجود ہے؟

iv- تزکیۂ نفس پر کسی آیت کا ترجمہ تحریر کریں۔

v- فضائل اخلاق کے کوئی سے دو معاشرتی اثرات تحریر کریں۔

vi- رذائل اخلاق کے کوئی سے دو نقصانات تحریر کریں۔

vii- مشہور سلسلہ ہائے تصوف میں سے دو سلاسل کے نام اور ان کے بانیان کے نام تحریر کریں۔

viii- صدق کی فضیلت پر کسی ایک آیت قرآنی کا ترجمہ تحریر کریں۔

ix- شکر کے موضوع پر ایک قرآنی آیت کا ترجمہ تحریر کریں۔

x- کشف المحجوب کس معروف صوفی کی تصنیف ہے؟

xi- امام غزالی کی دو تصانیف کے نام لکھیں۔

xii- درج ذیل کتب کے مصنفین کے نام تحریر کریں:

(الف) الفتوحات المکیۃ

(ب) عوارف المعارف

حصہ اول (اخلاق) (40)

سوال نمبر2۔ قرآن وسنت کی روشنی میں رذائل اخلاق کی مذمت پر مفصل نوٹ تحریر کریں۔

سوال نمبر3۔ اسلامی عبادات کے انفرادی اور اجتماعی زندگی پر اخلاقی اثرات کا جائزہ لیں۔

سوال نمبر4۔ اسلام کا بین الاقوامی ضابطۂ اخلاق کیا ہے؟ تفصیلی جائزہ پیش کریں۔

سوال نمبر5۔ کوئی سے دو مذاہب پر نوٹ لکھیں۔ (الف) یہودیت (ب) ہندومت (ج) بدھ مت

حصہ دوم (تصوف) (40)

سوال نمبر6۔ تصوف کے لغوی و اصطلاحی تعریفات بیان کرتے ہوئے اس کے مویدین کے نقطہ ہائے نظر اور ان کے دلائل واضح کیجئے۔

سوال نمبر7۔ عصر حاضر میں خانقاہی نظام کے احیاء کے لئے مثبت لائحہ عمل بالتفصیل تحریر کریں۔

سوال نمبر8۔ برصغیر میں مشائخ سہروردیہ کی دینی و ملی خدمات پر جامع نوٹ تحریر کریں۔

سوال نمبر9۔ مندرجہ ذیل میں سے دو پر نوٹ لکھیں۔

(الف) حضرت خواجہ حسن بصری (ب) حضرت جنید بغدادی (ج) حضرت علی بن عثمان ہجویری

UNIVERSITY OF THE PUNJAB

M.A./M.Sc. Part – II Supply – 2020 & Annual – 2021

Roll No. ....

Subject: Islamic Studies

Paper: V-3-N15 (Islam & Modern Western Thought) (New Course) **Time: 3 Hrs. Marks: 100**

نوٹ: پہلا سوال لازمی ہے۔ بقیہ میں سے کوئی سے چار سوالات کے جواب دیجئے۔

Q.1. Answer any Ten from the following: (10 x 2 = 20)

سوال نمبر ۱: دس سوالوں کے مختصر جواب دیجئے۔

i. What is the difference between Tajdeed and Tajaddud?
تجدید اور تجدد میں کیا فرق ہے؟

ii. Write down the names of any of two books of Karen Armstrong.
کیرن آرمسٹرانگ کی دو کتابوں کے نام لکھیں۔

iii. Write down the name of Tafsir and its author written on World Religions.
مذاہب عالم پر لکھی گئی ایک تفسیر کا نام مع مصنف تحریر کریں۔

iv. Who is the founder of Zionism?
تحریک صیہونیت کے بانی کا نام کیا ہے؟

v. Write down the name of the author of the following book:
کتاب "مغربی فلسفہ کا تنقیدی مطالعہ" مصنف کا نام لکھئے۔

vi. Write down the names of two leading figures of Reformation Movement.
تحریک اصلاح مذہب میں کردار ادا کرنے والی صرف دو شخصیات کا نام تحریر کریں؟

vii. Write down the names of two major sects of Christianity.
عیسائیت کے دو بڑے فرقوں کے نام لکھیں۔

viii. Write down the name of any book of Goldziher?
گولڈزیہر کی کسی ایک کتاب کا نام لکھئے۔

ix. What do you mean by Clash of Civilization?
تہذیبی تصادم سے کیا مراد ہے؟

x. Write down any Translation of the Holy Quran by Orientalist.
کسی ایک مستشرق کے ترجمہ قرآن کا نام لکھئے۔

xi. Write down the name of two Arab Reformers who refuted the Wester thought effectively.
مغرب کا رد کرنے والے دو عرب مفکرین کے نام لکھیں۔

xii. When did Crusade start?
صلیبی جنگوں کا آغاز کب ہوا؟

xiii. Write down any two inventions of Muslim scientists?
مسلمان سائنسدانوں کے دو کارنامے لکھئے۔

Q.2. Write down the historical background of orientalism and its objectives.

سوال نمبر ۲: تحریک استشراق پس منظر، مقاصد اور اہداف تفصیلاً بیان کریں۔

Q.3. Analyze the Missionary and polemic Hindu literature.

سوال نمبر ۳: برصغیر کے ہندوؤں کا مشنری اور الزامی لٹریچر کا جائزہ لیں۔

Q.4. Explain the teachings of Islam on inter-faith dialogue.

سوال نمبر ۴: مکالمہ بین المذاہب کے بارے میں اسلامی تعلیمات کو واضح کریں۔

Q.5. Describe the biased attitude of West against Muslim Scholars.

سوال نمبر ۵: مسلم مشاہیر کے بارے میں اہل مغرب کا تعصب بیان کریں۔

Q.6. Write down a detailed note on Materialism.

سوال نمبر ۶: تحریک مادیت پر مفصل نوٹ لکھیں۔

Q.7. What is the strategy of west for penetration of her thought in Muslim World? Please explain in detail.

سوال نمبر ۷: مسلم ممالک میں مغربی افکار کے نفوذ کے لئے اہل مغرب کی حکمتِ عملی واضح کریں۔

Q.8. Discuss in detail the approach and thought of Hindus and Christians of sub-continent towards Quran and Hadith.

سوال نمبر ۸: برصغیر کے ہندوؤں اور عیسائیوں کا قرآن اور حدیث کے بارے میں نقطہ نظر واضح کریں۔

Q.9. Only **TWO** answers are required.

i. Write down the modernist trends among Muslims ulama? Also write down the reasons.

ii. Discuss the objectives of orientalists on the life of Prophet Muhammad (P.B.U.H).

iii. Discuss the Aims and Objectives of Feminist Movement.

سوال نمبر ۹: کوئی سے دو اجزاء کے جواب مطلوب ہیں:

(الف) مسلمان علما کے تجدد پسندی کے رجحانات اور اس کے اسباب بیان کریں۔

(ب) سیرت طیبہ ﷺ پر مستشرقین کے اعتراضات کا جائزہ لیں۔

(ج) تحریک نسواں کے اغراض و مقاصد پر بحث کریں۔